حکومت پاکستان

وزارت مذہبی امور و بین المذاہب ہم آہنگی

نظامت حج کراچی

# ٹینڈر نوٹس

نظامت حج بیت الحجاج کراچی کو موسم حج 2024 کے لیے درج ذیل اشیاء کی فراہمی اور خدمات کے لیے اچھی شہرت کی حامل سیلز ٹیکس رجسٹرڈ / ٹیکس فائلر فرموں / پارٹیوں سے سر بمہر ٹینڈر مطلوب ہیں۔ ٹینڈر مورخہ **2024-04-04** بروز **جمعرات** کو دن **11:00** بجے تک وصول کیے جائیں گے اور اسی دن 12 بجے ٹینڈر دہندگان یا ان کے نمائندگان کی موجودگی میں کھولے جائیں گے۔ ٹینڈر فارم اور شرائط دفتری اوقات متعلقہ سیکشن سے حاصل کئے جاسکتے ہیں۔

| نمبر شمار | حصہ اول برائے خدمات |
|---|---|
| 1 | **دکانیں:** (دکان نمبر **1** تا دکان 6 برائے متفرق اشیاء جیساکہ احرام، عبایا، بیگ اور اشیاء وغیرہ برائے حجاج کرام۔ بمعہ ریٹ لسٹ اور دستیاب نمونوں کے مطابق |
| 2 | **کینٹین:** برائے فراہمی اشیاء خورد نوش مثلاً چائے، کولڈرنک، کھانا، وغیرہ۔ کرایہ بمعہ ریٹ لسٹ دستیابی کے ساتھ |
| 3 | **شامیانہ :** ڈیکوریشن آئیٹمز کی فراہمی جیساکہ قناتیں، ترپال، فوم بمعہ کور کرسیاں، میز، پانی کی ٹینکی، قالین، پیڈسٹل پنکھے، کراکری، جنریٹر، پبلک ایڈریس سسٹم مکمل بمعہ بیٹری، کاونٹر ٹیبل اور راونڈ ٹیبل بمعہ کور، ماہانہ اور یومیہ بنیاد پر کرائے کے ریٹ مطلوب ہیں |
| 4 | **آفس بلڈنگ کی مرمت اور رنگ سازی**<br>1: آفس کے پچھلے حصے کی مرمت ور کلر کاریٹ فی اسکوائرفٹ<br>2: آفس اور بلاک جی کی کھڑکیوں کی مرمت اور جالیاں، دروازوں کی مکمل مرمت ہینڈل لاک کے ریٹ فی عدد<br>3: بریفنگ ہال / ڈسپنسری کی المونیم کی کھڑکیوں / دروازوں کی مرمت، اور ہینڈل لاک کے ریٹ<br>4: ریٹ برائے مرمت / تبدیلی نکاسی پائپ |

1۔ تمام ٹینڈر دہندگان کو پیشکش کا 5٪ ( قابل واپسی ) زر بیعانہ بینک ڈرافٹ کی صورت میں لگانا لازمی ہو گا۔ بصورت دیگر ٹینڈر قابل قبول نہ ہو گا۔

2۔ ٹینڈر دہندگان کے لیے ضروری ہے کہ وہ ذاتی کاروبار کا تجربہ رکھتے ہوں۔ ٹینڈر دہندہ ایک وقت میں صرف ایک ہی ٹینڈر ایک ہی کمپنی کے نام پر دے گا۔ بصورت دیگر ٹینڈر مسترد کر دیا جائے گا۔ تاہم وہ کسی بھی درجہ بالا ٹینڈر میں علیحدہ حصہ لے سکتا ہے۔

3۔ تمام ٹینڈر دہندگان کو حکومت پاکستان کے مروجہ قوانین کے مطابق تمام لاگو ٹیکس ادا کرنے ہونگے۔ بولی دہندہ / فرم کا انکم ٹیکس اور سیلز ٹیکس کے لیے فعال ٹیکس دہندگان کی فہرست میں ہونا ضروری ہے۔ ٹینڈر دہندہ کو سیلز ٹیکس رجسٹرڈ / ٹیکس فائلر ہونے کا ثبوت ٹینڈر کے ساتھ لف کرنا ہو گا۔

4۔ ٹینڈر فارم / شرائط اور تفصیلات دفتر ہذا سے دفتری اوقات میں حاصل کیے جاسکتے ہیں۔ جو فارم کی رقم 500 روپے دے کر حاصل کر سکتے ہیں جو نا قابل واپسی ہے مزید معلومات کے لیے ویب سائٹ www.pppra.org اور www.hajjinfo.org پر بھی ملاحظہ کر سکتے ہیں

5۔ کامیاب بولی دہندگان کو کرایے کی پیشگی کی کل رقم (کرایہ) دکان کا قبضہ حاصل کرنے سے پہلے پے آڈر یا بینک ڈرافٹ کی شکل میں جمع کرانے کا پابند ہو گا جو، وزارت مذہبی امور و بین لمذاہب ہم آہنگی کے نام پے بنے گا۔

6۔ مجاز اتھارٹی کو حق حاصل ہو گا کہ وہ کسی ایک یا تمام ٹینڈرز کو منظور یا مسترد کر سکتی ہے۔ تاہم وہ اتھارٹی وجوہات کا جواز پیش کرنے کی پابند نہیں ہو گی اور مجاز اتھارٹی کو یہ اختیار حاصل ہو گا کہ ٹینڈر کو منظور کرنے سے قبل کسی بھی وقت ایک یا تمام ٹینڈر کو مسترد / منسوخ کر سکتی ہے

7۔ دکانوں پر پاکستان اور سعودی قوانین کے تحت ممنوع اشیاء رکھنے اور فروخت کرنے پر پابندی ہو گی۔

**گلزار احمد سومرو**

**ڈائریکٹر (حج)**

فون نمبر: 021-35688307